جو رحم نہیں کرتا، اس پر رحم نہیں کیا جاتا!

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا بوسہ لیا۔ آپ ﷺ کے پاس اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ بیٹھے تھے، وہ کہنے لگے کہ میرے دس بچے ہیں، میں نے کبھی کسی کا بوسہ نہیں لیا۔ آپ ﷺ نے ان کی طرف دیکھ کر فرمایا: ”جو رحم نہیں کرتا، اس پر رحم نہیں کیا جاتا!“
[صحیح] [متفق علیہ]

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا بوسہ لیا۔ اس وقت آپ ﷺ کے پاس اقرع بن حابس تمیمی بیٹھے ہوئے تھے۔ اقرع رضی اللہ عنہ کہنے لگے کہ میرے دس بچے ہیں اور میں نے کبھی کسی کا بوسہ نہیں لیا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے ان کی طرف دیکھ کر فرمایا: ”جو رحم نہیں کرتا، اس پر رحم نہیں کیا جاتا“۔ ایک دوسری روایت میں ہے: ”أَوَ أَمْلِكُ أنْ نزعَ اللهُ من قلبِكَ الرَّحْمَةَ“ یعنی اگر اللہ نے تمہارے دل سے رحیمانہ جذبات کو سلب کر لیا ہے، تو میں کیا کر سکتا ہوں! کیا میں انہیں تمہیں دوبارہ لوٹا سکتا ہوں؟

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5440

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY